# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال

## شارٹ ٹینڈر بسلسلہ خریداری جوابی کاپیاں برائے مالی سال 17-2016ء

دفتر ہذا کو اچھی شہرت کی حامل سیلز ٹیکس (رجسٹرڈ) انکم ٹیکس گزار، پروفیشنل ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے جوابی / عملی جوابی کاپی برائے میٹرک پارٹ ا (نہم) پارٹ سیکنڈ (دہم) اور انٹر (پارٹ فرسٹ و سیکنڈ) کی خرید کے لیے بمطابق PPRA 2014 رولز ٹینڈر مطلوب ہیں۔ جوابی کاپی میٹرک / انٹر کی تصریحات درج ذیل ہے۔

| میٹرک (نہم، دہم) | انٹر (پارٹ فرسٹ و سیکنڈ) |
|---|---|
| الف۔ تعداد صفحات 28 فی کاپی سائز 13 x 8/1/2 انچ<br>جوابی کاپی کی تعداد 1200000 (بارہ لاکھ تقریباً) | الف۔ تعداد صفحات 36 فی کاپی سائز 13 x 8/1/2 انچ<br>جوابی کاپی کی تعداد 450000 (چار لاکھ پچاس ہزار تقریباً) |
| ب۔ رنگ چھپائی ٹائٹل صفحہ (سرخ) حاشیہ ڈبل لائن رنگ سرخ | ب۔ رنگ چھپائی ٹائٹل صفحہ (سبز) حاشیہ ڈبل لائن رنگ سبز |
| ج۔ کوالٹی کاغذ جوابی کاپی (68 گرام) ہائی فنشنگ | ج۔ کوالٹی کاغذ جوابی کاپی (68 گرام) ہائی فنشنگ |
| د۔ کاغذ کے دونوں جانب رولنگ (لکیریں) | د۔ کاغذ کے دونوں جانب رولنگ (لکیریں) |

ر۔ عملی جوابی کاپی برائے میٹرک تعداد 200000 (دو لاکھ تقریباً) سائز 13 x 8/1/2 انچ 4 صفحات فی کاپی (رنگ چھپائی سرخ) کوالٹی کاغذ (68 گرام) ہائی فنشنگ۔
سیریل نمبر 450001 تا 650000

ز۔ عملی جوابی کاپی برائے انٹر تعداد 100000 (ایک لاکھ تقریباً) سائز 13 x 8/1/2 انچ 12 صفحات فی کاپی (رنگ چھپائی سبز) کوالٹی کاغذ (68 گرام) ہائی فنشنگ۔
سیریل نمبر 200001 تا 300000

نوٹ: کسی بھی کیٹگری کی جوابی کاپیوں کی تعداد میں کمی بیشی جناب چیئرمین صاحب کر سکتے ہیں۔

سربمہر ٹینڈر بنام زیر دستخطی کو بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / ارجنٹ میل سروس مورخہ 28-09-2016 کو بوقت 01:00 بجے دن تک زیر دستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہیے۔ جو اسی روز بوقت 02:00 بجے دوپہر ان کے بااختیار نمائندگان جنہیں وہ تحریری اختیار دیں گے کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ دستی یا تار کے ذریعے کوئی ٹینڈر مقررہ تاریخ اور وقت ختم ہونے کے بعد موصول ہونے والا قابل قبول نہ ہوگا۔

**شرائط:**

ا۔ ٹینڈر / ٹیکنیکل بڈ کے ساتھ تین فیصد 3% (Bid-Security) بطور کال ڈیپازٹ، مالیاتی تخمینہ (Estimated Price) کے مطابق شیڈولڈ بینک کی کسی بھی شاخ میں بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال جمع کروا کر ٹینڈر کے ہمراہ منسلک کریں مطلوبہ Bid-Security (بحساب تین فیصد) ٹینڈر / کوٹیشنز کے ساتھ منسلک نہ ہونے کی صورت میں ایسے ٹینڈر / کوٹیشنز قابل قبول نہ ہوں گے۔

۲۔ کوٹیشنز دفتر کی جانب سے جاری کردہ ٹینڈر میں دیئے گئے پروفارمہ برائے فنانشل / ٹیکنیکل بڈز پر ہی مہیا کیے جائیں بصورت دیگر کوٹیشن منسوخ کر دی جائے گی۔

۳۔ کامیاب نرخ دہندہ / سپلائر کمپنی 10% (Performance Guarantee) بشمول 3% Bid Security معاہدہ پر دستخط کرنے سے قبل جمع کروائے گا۔

۴۔ (i) ٹینڈر دہندہ اپنے نرخوں پر 90 دن تک پابند رہے گا۔ (ii) پرنٹنگ میٹریل کی طباعت کے لیے صرف ایسے پرنٹرز / پریس مالکان ٹینڈر دینے کے اہل ہوں گے۔ جن کی اپنی پرنٹنگ پریس ہو اور وہ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس سے منظور شدہ ہوں۔

۵۔ ٹینڈر دہندہ لازمی طور پر کم از کم 75 ہزار امتحانی جوابی کاپیاں فراہم کرنے کا 1 سالہ تجربہ رکھتا ہو۔

۶۔ اشتہار اور ٹینڈر میں دیئے گئے جوابی کاپی کے صفحات کی تعداد سے صفحات یا پیمائش کم ہونے کی صورت میں جوابی کاپی کی قیمت کے تناسب سے تعین کر کے ادائیگی کی جائے گی نیز ناکارہ جوابی کاپیوں کی قیمت بل سے منہا کر لی جائے گی۔

۷۔ فرم کے نمائندگان ٹیکنیکل بڈز کے اوپننگ کے وقت کاغذ کے نمونہ جات ہمراہ لائیں گے تاکہ نمونہ جات کی منظوری لی جا سکے بغیر منظوری کے فنانشل بڈز نہ کھولی جائے گی۔

8. مذکورہ بالا سامان کا ٹینڈر فارم و تصریحات اور شرائط ٹینڈر کی کاپی مبلغ -/1000 روپے (ناقابل واپسی) بطور ٹینڈر فیس بذریعہ بینک چالان حبیب بینک لمیٹڈ (کوٹ خادم علی روڈ) ساہیوال برانچ کوڈ نمبر 0686 نمبر اکاؤنٹ نمبر 03-79003400 میں جمع کروا کر **ٹینڈر تاریخ اشاعت کے دن سے شعبہ سٹور سے حاصل کر سکتے ہیں۔**

۹۔ ٹیکنیکل (Technical) اور فنانشل (Financial) آفرز پنجاب پروکیورمنٹ رولز کے مطابق علیحدہ علیحدہ ایک ہی لفافہ میں جمع کروائیں تمام Assesment اور Prodedure درج بالا رولز کے مطابق ہوگا۔

۱۰۔ ٹینڈر میں ریٹ کا اندراج لفظوں اور ہندسوں میں کریں۔

۱۱۔ منظور شدہ ریٹ میں کسی قسم کی تبدیلی ناقابل قبول ہوگی۔

۱۲۔ مشروط / نامکمل ٹینڈر جو کہ Rules PPRA 2014 کے مطابق نہیں ہوں گے وہ ناقابل قبول ہوں گے۔

**نوٹ:** مزید معلومات دفتری اوقات میں زیر دستخطی / شعبہ سٹور کے ٹیلی فون نمبر 040-4550994 پر رابطہ کر کے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

(ڈاکٹر ذوالفقار علی ثاقب)

سیکرٹری